# جامعہ کے لیل و نہار

رپورٹ: محمد جہانگیر

## قومی تعلیمی کانفرنس 2009ء میں پرنسپل جامعہ سلفیہ کی شمولیت!

انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم نے 9 مئی بروز ہفتہ قومی تعلیمی پالیسی برائے سال 2009ء پر قومی کانفرنس منعقد کی جس میں ملک بھر سے ممتاز ماہرین تعلیم اور دانشوروں نے بھرپور شرکت کی۔ پرنسپل جامعہ چودھری محمد یٰسین ظفر بھی خصوصی دعوت پر کانفرنس میں شریک ہوئے۔

کانفرنس کی صدارت یونیورسٹی کے صدرنشین پروفیسر ڈاکٹر انوار حسین صدیقی نے کی جبکہ مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر ملک فتح محمد صاحب تھے۔ میزبانی کے فرائض پروفیسر ڈاکٹر خالد حسان بخاری نے سرانجام دیئے۔

کانفرنس میں قومی تعلیمی پالیسی پر غور و خوض اور بحث و مباحثہ ہوا۔ اور اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ کانفرنس کے اعلامیے کا اعلان کانفرنس کے آخری اجلاس میں کیا گیا صاحب صدر نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا جبکہ پرنسپل جامعہ نے اختتامی دعا کرائی پرنسپل جامعہ کا قومی تعلیمی پالیسی پر جائزہ ادارتی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں

## جامعہ سلفیہ میں عشرہ آگاہی فقہ و اصول فقہ

ہر خاص و عام میں جامعہ سلفیہ فیصل آباد کا نام بہت نمایاں ہے کیونکہ اس میں جہاں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عصری تعلیم کا انتظام ہے وہاں طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے غیر نصابی پروگرام بھی وقتاً فوقتاً منعقد کئے جاتے ہیں، جس میں اسبوعی پروگرام، مذاکرے، تقریری و تحریری مقابلے۔ بین الجامعات مقابلے وغیرہ وغیرہ۔ گذشتہ سال عشرہ قرآن کریم، عشرہ حدیث شریف منایا گیا جو کہ بہت ہی معلوماتی اور دلچسپ نیز فوائد سے بھرپور پروگرام تھے اس طرح اب عشرہ آگاہی فقہ و اصول فقہ کا اہتمام کیا گیا ہے جس کا آغاز ان شاء اللہ 6 جون 2009ء بروز ہفتہ کو شیخ الجامعہ حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ کے درس قرآن مجید سے ہوگا۔